14 جنوری 2018ء

اسٹیٹ بینک نے قومی مالی خواندگی پروگرام کو پورے ملک تک وسعت دے دی

قومی مالی خواندگی پروگرام (این ایف ایل پی) کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے اور خاص طور پر عوام کو اس شعبے میں عملی اقدامات کے متعلق آگاہ کرنے کے لیے پرنٹ، ریڈیو اور سوشل میڈیا کے ذریعے 15 جنوری 2019ء سے این ایف ایل پی کے لیے وقف میڈیا مہم شروع کی جارہی ہے۔

واضح رہے کہ اس پروگرام کو پائلٹ بنیادوں پر ملک کے 77 اضلاع میں اگست 2017ء سے شروع کیا گیا تھا اور اب یہ پروگرام نفاذ کے دوسرے برس میں ہے۔ اب اس منصوبے کو وسعت دیتے ہوئے اس کا دائرہ ملک کے 158 اضلاع تک پھیلا دیا گیا ہے۔ بجٹ سازی، بچت، سرمایہ کاری، قرضہ جاتی انتظام، صارفین کے حقوق و فرائض، اسلامی بینکاری، برانچ لیس بینکاری اور کرنسی مینجمنٹ جیسے مختلف مالی موضوعات کے بارے میں تعلیم آدھے دن پر مشتمل کلاس روم تربیتی پروگرام کے ذریعے دی جائے گی۔

اسٹیٹ بینک مالی شمولیت کی قومی حکمت عملی کا نفاذ اپنے نمائندہ پروگرام کے طور پر کر رہا ہے جس کا مقصد بینکاری سہولتوں سے محروم اور کم آمدنی والے طبقات خاص طور پر نوجوانوں اور خواتین کو بنیادی مالی تعلیم کی فراہمی ہے۔ اس پروگرام کی فنڈنگ ایشیائی ترقیاتی بینک کے 'مالی سہولت تک رسائی میں بہتری' کے تحت فراہم کی جارہی ہے اور اسے مختلف مرحلوں میں شروع کیا جارہا ہے تاکہ سرکاری اور نجی شراکت داری کے منفرد ماڈل کے ذریعے 5 برسوں میں دس لاکھ افراد کو مالی خواندگی فراہم کی جاسکے۔ اس پروگرام میں پاکستان کے دور دراز علاقوں تک این ایف ایل پی کے پیغامات پہنچانے کے لیے بینکاری اداروں اور ایس بی پی بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔

قومی مالی خواندگی پروگرام کا مقصد عوام کو مالی اور دیگر منسلک خدمات کے استعمال کے بارے میں بہتر اور مؤثر فیصلے کرنے میں بااختیار بنانا ہے۔ مزید برآں، اس پروگرام سے مالی صنعت کی مسابقت میں اضافے، اختراعات کے فروغ اور اس کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی تاکہ مالی تعلیم یافتہ شہریوں کو بہتر مالی خدمات فراہم کی جاسکیں۔

قومی مالی خواندگی پروگرام کے لیے وقف ٹول فری ہیلپ لائن اور ویب سائٹ بھی 15 جنوری 2019ء کو جاری کی جائے گی، جس پر عوام کو پروگرام، اس کی خصوصیات، پروگراموں کے شیڈول یا انہیں اس حوالے سے درکار کسی بھی قسم کی معلومات دستیاب ہوں گی۔

****